فوری ریلیز کے لیے: 2023/20/1 گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL کی جانب سے اوپیئڈ علاجی پروگراموں کے لیے $7.5 ملین کی دستیابی کا اعلان***

***نچلی حد کی بیوپرنورفین خدمات کے قیام کے لیے گرانٹیں سب سے پہلے ریاست کے اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کے ذریعے دی جائیں گی***

***فنڈنگ مہلک اوور ڈوز کو کم کرنے اور نیو یارک کے اوپیئڈ بحران سے نمٹنے کے لیے جامع طریقۂ کار کی حمایت کرتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست سے تصدیق شدہ خدمات فراہم کنندگان اور علاج کے دیگر پروگراموں کے لیے $7.5 ملین تک کی دستیابی کا اعلان کیا ہے تاکہ اوپیئڈ کی لت سے نمٹنے اور زندگیاں بچانے کے لیے نچلی حد کی بیوپرنورفین خدمات قائم کی جا سکیں۔ نشے کی لت سے نمٹنے کی خدمات اور معاونتوں کے دفتر کے زیرِ انتظام، گرانٹیں ریاست نیو یارک کے اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کو استعمال کرنے والی پہلی گرانٹیں ہوں گی اور 15 کی تعداد تک پروگراموں کو تیار کرنے میں مدد کریں گی جو اوپیئڈ کے استعمال کی لت کے لیے اس محفوظ، مؤثر علاج کی پیشکش کرتے ہیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "نیو یارک کے بہت سے لوگ افیون کی زیادہ مقدار اور نشے کی لعنت کی وجہ سے جانیں گنوا چکے ہیں۔ یہ فنڈنگ، اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کے ذریعے، ان لوگوں کے لیے نئی امید دلانے میں مدد کرے گی جو نشہ آور مادوں کے استعمال کے مرض میں مبتلا ہیں، علاج کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرے گی جو زندگیاں بچاتے ہیں، اور ہماری ریاست میں اوپیئڈ بحران کی لہر کو موڑ دے گی"۔

یہ فنڈنگ ریاست بھر میں 15 پروگراموں کے لیے $500,000 تک فراہم کرے گی تاکہ نچلی حد کی بیوپرنورفین خدمات پیش کی جا سکیں۔ نشے کی لت سے نمٹنے کی خدمات اور معاونتوں کے دفتر ( Office of Addiction Services and Supports, OASAS) سے تصدیق شدہ علاج فراہم کنندگان، ریاست کے دماغی صحت کے دفتر کے کلینک، ہسپتال، سرنج کی خدمات کے پروگرام، اور نقصان میں کمی کے پروگرام فنڈنگ کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔

جبکہ بیوپرنورفین اوپیئڈ کے استعمال کے علاج کا ایک محفوظ اور مؤثر طریقہ ہے، بہت سے فراہم کنندگان کے علاج کے لیے داخل ہونے اور اسے جاری رکھنے کے سخت تقاضے ہوتے ہیں، جو بالآخر اس دوا کو حاصل کرنے والے افراد کی تعداد کو محدود کر دیتے ہیں۔ جامع نچلی حد کی خدمات اسی دن، فوری بیوپرنورفین علاج اور دیکھ بھال کے انتظام کی خدمات کی اجازت دے کر اس مسئلے کو حل کرنے میں مدد کریں گی۔

**ریاست نیو یارک کے نشے کی لت سے نمٹنے کی خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی کمشنر ڈاکٹر Chinazo Cunningham نے کہا،** "نچلی حد کی خدمات نقصان کو کم کرنے کے اصولوں پر مبنی ہیں جن میں ایک ہی دن کا علاج، ایک غیر فیصلہ کن طریقۂ کار، ادویات تجویز کرنے میں لچک، اور ایسی جگہوں پر ادویات کو وسیع پیمانے پر دستیاب کرنا شامل ہے جہاں وہ لوگوں تک ان کے اپنے مقامات پر پہنچیں۔ یہ پہل کاری ریاست بھر میں

آبادیوں اور علاقوں کو اہم خدمات تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کے لیے OASAS کی جاری وابستگی کا حصہ ہے اور افیون کے استعمال کے علاج کے لیے معاونت کرتی ہے۔"

ریاست نیو یارک نے اوپیئڈ تیار کرنے والوں کے ساتھ مختلف سیٹلمنٹ معاہدوں کے ذریعے $2 بلین سے زیادہ حاصل کیے۔ ان تصفیوں کا ایک حصہ براہِ راست بلدیات کو جائے گا، باقی رقم کو روک تھام، علاج، بحالی، نقصان میں کمی، اور اوپیئڈ کی جاری وباء سے نمٹنے کے لیے تعلیمی کوششوں میں مدد کے لیے وقف ایک فنڈ میں جمع کیا جائے گا۔

اسی قانون سازی جس نے وقف شدہ فنڈ قائم کیا تھا، نے اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کا مشاورتی بورڈ بھی تشکیل دیا ہے، جسے یہ سفارشات دینے کا کام سونپا گیا ہے کہ کس طرح تصفیئے کے ڈالروں کو ضرورت مندوں کی بہترین خدمت کے لیے مختص کیا جائے۔ بورڈ کے اراکین نے 1 نومبر کو اپنی پہلی سفارشات جاری کیں، جس میں نقصان کو کم کرنے کی خدمات کی توسیع کو اولین ترجیح کے طور پر شناخت کیا گیا۔

اس ہفتے ریاستی محکمۂ صحت کی طرف سے جاری کردہ ایک رپورٹ کے مطابق، نیو یارک میں سنہ 2021 میں اوپیئڈ کی وجہ سے ہونے والی اموات کا سلسلہ جاری رہا، جس میں زیادہ مقدار میں فینٹینیل لینا اب ریاست بھر میں ہونے والی بیشتر اموات میں ملوث ہے۔ دیگر اہم نتائج میں شامل ہیں:

- زیادہ مقدار لینے سے 4,766 اموات جن میں اوپیئڈز شامل ہیں، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 14 فیصد اضافہ ہے۔
- اوپیئڈ کی زیادہ مقدار کی وجہ سے 10,430 بیرونی مریضان کے شعبۂ ہنگامی حالات کے دورے، پچھلے سال کے مقابلے میں 12.6 فیصد اضافہ۔
- ایمرجنسی میڈیکل سروسز کے زیر انتظام نیلوکسون لگانے کے 19,139 واقعات، پچھلے سال کے مقابلے میں 11.8 فیصد اضافہ۔

OASAS روک تھام، علاج، نقصان میں کمی اور بحالی کے تقریباً 1,700 پروگراموں کے ساتھ ملک کے نشہ آور مادوں کے استعمال کے علاج کے سب سے بڑے نظام کی نگرانی کرتا ہے جو ہر سال 680,000 سے زائد افراد کو خدمات فراہم کرتا ہے۔ ریاست کے اوپیئڈ کے علاج کے محکمے کے طور پر، OASAS نشے کے علاج کی خدمات میں ریاستی وفاقی تعلقات کو مربوط کرتا ہے اور سیٹلمنٹ فنڈز کے استعمال کی نگرانی کے لیے بھی ذمہ دار ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ بجٹ میں مختص کیے گئے فنڈز ان کے مقرر کردہ مقاصد کے لیے خرچ کیے جائیں۔

اسی طرح، محکمۂ صحت ریاست بھر میں افیون کے استعمال اور انحصار کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے نقصانات میں کمی کے متعدد اقدامات کو آگے بڑھا رہا ہے۔ اس میں New York MATTERS شامل ہے، جو اوپیئڈ کے استعمال کے مرض میں مبتلا افراد کو مقامی علاج اور نقصان میں کمی کی خدمات کے ساتھ منسلک کرنے کے لیے ایک الیکٹرانک ریفرل سسٹم ہے؛ مقامی محکمۂ صحت کی پہل کاری جو، بنیادی نگہداشت، اصلاحات، نقصان میں کمی، ہنگامی علاج کے شعبہ جات، عوامی تحفظ کو تقویت دینے کے لیے نیو یارک شہر سے باہر نشے کی حد سے زیادہ مقدار لینے والی 24 کاؤنٹیوں کے صحت کے محکموں کو؛ اور اوپیئڈ کی حد سے زیادہ مقدار سے بچاؤ کے 900 سے زائد رجسٹرڈ پروگراموں کو فنڈ فراہم کرتا ہے۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت کے قائم مقام کمشنر John McDonald نے کہا،** "امریکیوں اور نیو یارک کے باشندوں کے طور پر اوپیئڈ کی وباء ہم سب کو متاثر کر رہی ہے، اور محکمۂ صحت ریاست کی جانب سے اوپیئڈ کے نشے کی لت کے علاج کے ذریعے جانیں بچانے کے لیے نقصان میں کمی کے لیے گورنر Hochul کی بین المحکمہ طریقۂ کار کی تجویز کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ نتیجتاً، محکمۂ صحت سوشل میڈیا پیغامات اور دیگر آؤٹ لیٹس کے ذریعے عوام کو اوپیئڈز کے خطرات سے آگاہ کرنا جاری رکھے ہوئے ہے، جن میں نیو یارک کے

مکینوں کو نشے کی حد سے زیادہ مقدار لینے کی علامات کو پہچاننے اور اوپیئڈ کی حد سے زیادہ مقدار کی روک تھام کے پروگرام اور نیلوکسون کے لیے محکمے کے نئے ریاست گیر سٹینڈنگ آرڈر کے ذریعے دستیاب وسائل سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیتا ہے"۔

نشے کے دستیاب علاج بشمول بحران/ڈیٹاکس، شعبہ اندرونی مریضان، رہائشی یا شعبہ اندرونی مریضان کی دیکھ بھال OASAS کا علاج کی دستیابی کا ڈیش بورڈ استعمال کرتے ہوئے یا ایجنسی کی ویب سائٹ پر مل سکتی ہے۔ نیویارک کے وہ مکین جنہیں نشے کی لت لگی ہوئی ہے، یا جن کے پیارے اس مصیبت میں گرفتار ہیں، ریاست کی ٹول فری، 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن کی HOPEline پر HOPENY-8-877-1 یعنی (1-877-846-7369) پر کال کر کے یا HOPENY (مختصر کوڈ 467369) پر ٹیکسٹ بھیج کر مدد اور امید حاصل کر سکتے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418